سوال

(241)تین رکعت وتر میں سورہ فاتحہ کے بعد ترتیب قرآنی کی رعایت کرتے ہوئے مصلی جونسی سورت چاہے پڑھ سکتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تین رکعت وتر میں سورہ فاتحہ کے بعد ترتیب قرآنی کی رعایت کرتے ہوئے مصلی جونسی سورت چاہے پڑھ سکتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تین رکعت وتر میں سورہ فاتحہ کے بعد ترتیب قرآنی کی رعایت کرتے ہوئے مصلی جونسی سورت چاہے پڑھ سکتا ہے ۔

وتر ہوجائے گی اوراس میں کوئی خلل نہیں ہوگا ۔ لیکن افضل یہ ہے کہ پہلی رکعت میں سورہ اعلی اوردوسری میں سورہ کافرون اورتیسری میں سورہ اخلاص پڑھے اوراگر سورہ اخلاص کے ساتھ معوذتین بھی ملالے تومضائقہ نہیں ۔

ایک ضعیف روایت میں حسب ذیل طریقہ پر نوسورتوں کا پہلی رکعت میں پڑھنا منقول ہے ۔ انا انزلنا/اذازلزلت/الہاکم التکاثر دوسری رکعت میں والعصر/إنا أعطینا/إذاجاء نصراللہ تیسری رکعت میں قل یاأیہا الکافرون/تبت یدا/قل ہواللہ أحد اور حضرت عمر سے پہلی رکعت میں انا انزلنا اوردوسری میں قل یاایہا الکافرون اورتیسری میں قل ہواللہ أحد پڑھنا مروی ہے ۔

عبیداللہ رحمانی(22 9 1966)(الفلاح بھیکم پورگونڈہ علامہ عبیداللہ رحمانی نمبرج 3 4ش :11 12 1 2جون تاستمبر1994ء 4115ھ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر1

صفحہ نمبر370

محدث فتویٰ